S.Y.B.A. (Sem-IV) April-2023

Urdu Paper-II

ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ اردو نظم نگاری کا تعارف پیش کیجیے اور اس کے موضوعات پر روشنی ڈالیے۔ (20)

یا

اردو نظم نگاری کے فن پر مفصل نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۲۔ اردو نظم نگاری کے ارتقا میں ترقی پسند تحریک کس طرح اثر انداز ہوئی؟ مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

اردو نظم نگاری کے آغاز پر روشنی ڈالتے ہوئے شمالی ہند میں نظم نگاری پر نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر ۳۔ اختر الایمان کی نظموں کی خوبیاں بیان کیجیے۔ (20)

یا

اختر الایمان کے سوانحی حالات بیان کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ خلیل الرحمٰن اعظمی کی حیات اور شخصیت پر مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

نظم کے حوالے سے خلیل الرحمٰن اعظمی کے فن پر گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ پیش کیجیے۔ (10)

۱۔ ایک لڑکا ۲۔ میں گوتم نہیں ہوں ۳۔ یاد

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو بند کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ (10)

۱۔ مفلوج کر کے میرے قویٰ، میرے ولولے

پھر حوصلہ دے، ہمتِ پرواز دے مجھے

آبِ حیات زہر بنا دے مرے لیے

یہ زہر اس کے بعد رگوں میں اُتار دے

دن، اس کی برکتی ، جسے جی چاہے بخش دے
دائم تڑپ مجھے ، خلش انتظار دے

۲۔ خداوند! مجھے اُن کی رفاقت دے
جنھیں رہتا ہے پچھتاوا
کہ جیسی زندگی کی اِس سے بہتر کیوں نہ کر پائے
مجھے اُن کی جسارت دے
جو اپنے نفس کے خادم نہیں ہوتے
برائی کو برائی کہہ کے جیتے ہیں

۳۔ یوں تو کہنے کی نہیں بات مگر کہتا ہوں
پیار کا نام کتابوں میں لکھا دیکھا ہے
جب کبھی ہاتھ بڑھایا ہے کسی کی جانب
فاصلہ اور بھی کچھ بڑھتا ہوا دیکھا ہے

☆☆☆